سوال

مقتدی امام کے ساتھ رکوع اور سجدہ کرتے ہوئے تکبیر پڑھے گا یا نہیں

جواب

امام کے ساتھ مقتدی کا بھی تکبیرات انتقال پڑھنا السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ رکوع اور سجدہ کرتے ہوئے کیا مقتدی امام کے ساتھ تکبیر پڑھے گا یا نہیں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! جی ہاں یہ تکبیرات جو ایک رکن سے دوسرے کی طرف منتقل ہوتے ہوئے کہی جاتی ہیں امام اور مقتدی دونوں ہی کہیں گے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ امام بآواز بلند کہے گا جبکہ مقتدی آہستہ آواز سے کہے گا۔ امام نووی فرماتے ہیں: یستحب للإمام أن یجهر بتکبیرة الإحرام وبتکبیرات الانتقالات لیسمع المأمومین فیعلموا صحة صلاته... وأما غیر الإمام فالسنة الإسرار بالتکبیر سواء المأموم والمنفرد (المجموع: 3/418) امام کے لئے مستحب ہے کہ وہ تکبیر تحریمہ اور تکبیرات انتقال کو بلند آواز میں کہے ،جیسے مقتدی سن لیں اور اپنی نماز کی صحت کو جان لیں ،جبکہ غیر امام کے لئے مسنون ہے کہ وہ سری طور پر یہ تکبیرات کہے ، برابر ہے کہ وہ مقتدی ہو یا منفرد ہو۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ تکبیرات امام مقتدی اور منفرد تینوں ہی کہیں گے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی